کورونا وائرس گھبرائیں نہیں، احتیاطی تدابیر اپنائیں! کھانستے یا چھینکتے وقت رومال، ٹشو پیپر یا کہنی سے منہ اور ناک ڈھانپ لیں۔

از دفتر جناب سنیئر سول جج (سول ڈویژن) نارووال درخواستیں مطلوب ہیں

دفتر ہذا میں درج ذیل آسامیوں کے لیے مطلوبہ تعلیمی قابلیت کے حامل افراد سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام آسامی	تعداد آسامی	ڈومیسائل	تعلیمی قابلیت	عمر کی حد
1	تعمیل کنندہ (BPS-07)	14	نارووال	میٹرک (کم از کم سیکنڈ ڈویژن)	18 تا 25 سال
2	چوکیدار (BPS-03)	1	نارووال	خواندہ (ترجیحاً ریٹائرڈ فوجی)	25 سے 45 سال

ضروری ہدایات

1. مندرجہ بالا آسامیوں کے لیے 15٪ کوٹہ خواتین کیلئے 5٪ کوٹہ اقلیتوں (غیر مسلموں) کیلئے اور 3٪ کوٹہ معذور افراد کے لیے مختص ہے۔
2. مندرجہ بالا آسامیاں میں 20 فیصد کوٹہ برائے حاضر اور ریٹائرڈ ملازمین (سکیل نمبر 01 تا 05 اور جونیئر کلرکس) کے بچوں کیلئے مختص ہے۔
3. مجاز اتھارٹی سیٹیں کم یا زیادہ کرنے کی مجاز ہوگی۔ مجاز اتھارٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ تمام یا جزوی نتائج کو رد کر دے۔
4. مجاز اتھارٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ بغیر کوئی وجہ بتائے ایک یا دونوں آسامیوں پر بھرتی منسوخ کر دے۔

قواعد و ضوابط

1. درخواست دہندہ اپنی درخواست میں واضح طور پر تحریر کرے گا کہ آیا اس کا کوئی رشتہ دار سول و سیشن کورٹ نارووال میں ملازم ہے۔ اگر کسی امیدوار کا کوئی رشتہ دار اس سے قبل سول و سیشن کورٹ نارووال میں ملازم ہو تو درخواست دہندہ اس ضمن میں بیان حلفی جس میں رشتہ دار کا نام اور عہدہ بھی تحریر ہو درخواست کے ہمراہ لف کرے گا۔
2. سرکاری ملازمین درخواستیں اپنے محکمہ کے توسط سے ارسال کریں اور متعلقہ محکمہ سے جاری شدہ NOC بھی ہمراہ درخواست لف کریں۔
3. درخواست دہندگان درخواست کے ہمراہ 2 عدد حالیہ تصاویر، تعلیمی اسناد، شناختی کارڈ اور ڈومیسائل کی مصدقہ نقول لف کریں، بوقت انٹرویو تمام اصل اسناد ہمراہ لائیں۔ مطلوبہ تعلیمی معیار پر پوری نہ اترنے والی اور نامکمل درخواستیں مسترد تصور ہوں گی۔
4. عمر کی بالائی حد میں 5 سال میل امیدواران اور فی میل امیدوار کے لیے 8 سال کی رعایت عمومی طور پر نہیں دی جائے گی بلکہ یہ رعایت صرف ان امیدواران کے لیے زیر غور لائی جائے گی جن کی عمر غیر معمولی حالات جو کہ انسان کے اختیار سے باہر ہوں کی بنا پر مقررہ حد سے زائد ہوئی ہو تو اس کو دی جا سکتی ہے۔
5. اتھارٹی کو میرٹ کی بنیاد پر شارٹ لسٹنگ کا اختیار ہوگا۔
6. آسامی تعمیل کنندہ کی بھرتی بذریعہ CTS کی جائے گی۔ اور تمام درخواستیں مورخہ 27.02.2021 تک مجوزہ درخواست فارم پر سینٹرل ٹیسٹنگ سروس کے پتہ آفس نمبر 414 فلور F2 جیف ہائیٹس مین بلیوارڈ گلبرگ III لاہور پر بذریعہ رجسٹرڈ پوسٹ پہنچ جانی چاہییں۔ جبکہ چوکیدار کی آسامی کیلئے درخواستیں بنام سنیئر سول جج (سول ڈویژن) صاحب نارووال صرف مجوزہ فارم پر ہی قابل قبول ہوں گی جو کہ ڈسٹرکٹ کورٹ نارووال کی ویب سائٹ **narowal.dc.lhc.gov.pk** یا دفتر ہذا سے دوران دفتری اوقات مقررہ تاریخ تک حاصل کی جا سکیں گی۔ سادہ کاغذ پر دی جانے والی درخواست قابل قبول نہیں ہوگی اور مسترد تصور ہوگی۔ چوکیدار کی آسامی کے ٹیسٹ اور انٹرویو کیلئے تاریخ کا اعلان بذریعہ نوٹس بورڈ سول کورٹ نارووال اور ویب سائیٹ **narowal.dc.lhc.gov.pk** پر بعد میں کیا جائے گا۔
7. امیدوار درخواست فارم ہمراہ ڈیپازٹ سلپ CTS کی ویب سائیٹ www.ctspak.com سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں اور مبلغ -/350 کا چالان جمع کروانا ہوگا۔ امیدواران لفافے کے دائیں کونے پر آسامی کا نام تحریر کریں اور مخصوص کوٹہ (اگر ہو تو) کی واضح طور پر نشاندہی کریں۔ ٹیسٹ کے لیے سنٹر نارووال شہر ہوگا۔
8. تمام درخواست دہندگان اپنا ایکٹو موبائل فون نمبر جس پر SMS یا WhatsApp کی سروس ہو ضروری طور پر درخواست میں تحریر کریں۔
9. دونوں آسامیوں پر بھرتیاں سول و سیشن کورٹس اسٹیبلیشمنٹ سروس رولز 2005، گورنمنٹ آف پنجاب کی ریکروٹمنٹ پالیسی 2004 و دیگر ہدایات و ترمیمات جو وقتاً فوقتاً کی گئی ہوں کے تابع ہوں گی۔
10. رول نمبر سلپ CTS کی ویب سائیٹ سے ڈاؤن لوڈ بھی کی جا سکتی ہے۔
11. CTS سے وصول ہونے والے نتائج کی بنا پر امیدواران کے انٹرویو کی تاریخ کا اعلان بذریعہ نوٹس بورڈ اور ویب سائیٹ دفتر ہذا **narowal.dc.lhc.gov.pk** پر بعد میں کیا جائے گا۔
12. کسی بھی قسم کے اعتراض یا معلومات کیلئے سنٹرل ٹیسٹنگ سروس کے ای میل query@ctspak.com پر ای میل کریں یا فون نمبر 042-35755548، 0300-0532200 پر رابطہ کریں۔
13. محض ٹیسٹ پاس کرنے سے کوئی امیدوار نوکری کا حقدار نہیں ہو سکتا، بلکہ ٹیسٹ کے ساتھ ساتھ انٹرویو بھی پاس کرنا اور میرٹ پر آنا بھی ضروری ہے۔
14. ٹیسٹ و انٹرویو میں آنے والے امیدواران کو اصل شناختی کارڈ دکھائے بغیر ٹیسٹ انٹرویو میں بیٹھنے کی اجازت نہ ہوگی اور اس بابت کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
15. دوران ٹیسٹ موبائل / IT آلات استعمال کرنا ممنوع ہے۔ ٹیسٹ یا انٹرویو کیلئے آنے والے امیدواران کو کسی بھی قسم کا DA/TA نہ دیا جائے گا۔

رابطہ نمبر: 0542-920105

سلمان طارق

سنیئر سول جج (سول ڈویژن) نارووال

(IPL-1285)